**بینک دولت پاکستان**
**شعبہ ملکی بازار اور زری انتظام**
**آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی**

**ڈی ایم ایم ڈی سرکلر نمبر 27 برائے 2020ء** **یکم دسمبر 2020ء**

جناب صدور / چیف ایگزیکٹو آفیسرز
تمام بینک / ترقیاتی مالی ادارے / غیر بینک مالی ادارے

محترم / محترمہ،

## جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی پر حکومت پاکستان کے اجارہ صکوک- نظر ثانی شدہ اسٹرکچر

براہِ کرم ڈی ایم ایم ڈی سرکلر نمبر 6 بتاریخ 14 اپریل 2020ء اور ڈی ایم ایم ڈی سرکلر نمبر 19 بتاریخ 18 اگست 2020ء سے رجوع کیجیے جو جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی کو بطور بنیادی اثاثہ (underlying asset) استعمال کرتے ہوئے حکومتِ پاکستان کے اجارہ صکوک کے بالترتیب اجرا، اور اس کی ری اوپننگ کے بارے میں تھے۔

اس سلسلے میں، ٹرسٹ ایکٹ 1882ء کے انقطاع کے پیشِ نظر یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی کو بطور بنیادی اثاثہ استعمال کرتے ہوئے حکومتِ پاکستان کے اجارہ صکوک کا آئندہ اجرا، اور اس کی ری اوپننگ **ٹرانزیکشن کے نظر ثانی شدہ اسٹرکچر (ضمیمہ-الف)** اور **دستاویزات (ضمیمہ جات-ب اور ج)** کے تحت منعقد کی جائے گی۔

درج بالا ہدایات فوری طور پر نافذ العمل ہوں گی۔ دیگر ہدایات کسی تبدیلی کے بغیر برقرار رہیں گی۔

منسلکات:
**ضمیمہ-الف: ٹرانزیکشن کا نظر ثانی شدہ اسٹرکچر**
**ضمیمہ-ب: صکوک کی خریداری کے حلف نامے کا نمونہ**
**ضمیمہ-ج: صکوک کے اجرا کے حلف نامے کا نمونہ**
**ضمیمہ-د: ٹینڈر فارم کا نمونہ-متغیرہ شرحِ کرایہ**
**ضمیمہ-ہ: ٹینڈر فارم کا نمونہ-معینہ شرحِ کرایہ**
**ضمیمہ-و: ٹینڈر فارم کا نمونہ-ری اوپننگ**
**ضمیمہ-ز: پرائمری ڈیلرز کے لیے این سی بی فارمیٹ**

آپ کی مخلص،

(رضوانہ رفعت)
ایڈیشنل ڈائریکٹر